# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ سیرت سٹڈیز)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری " Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: فقہ السیرۃ النبویۃ (3904) سمسٹر: خزاں، 2026

سطح: بی ایس علومِ اسلامیہ

## ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین (Scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اَپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

والسلام

کورس رابطہ کار

ڈاکٹر حافظ سعید الرحمن

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ نمبر 1-5)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ فقہاء اور اصولیین کے نزدیک سیرت النبی ﷺ سے فقہی مسائل کے استنباط کی اہمیت بیان کریں اور اس حوالے سے امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور دیگر فقہاء کے اجتہادات کی روشنی میں چند مثالیں پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حرب الفجار کے وقوع پذیر ہونے کی وجوہات کیا تھیں اور اس جنگ کے دوران رسول اللہ ﷺ کے کردار سے کیا اصول اخذ کیے جا سکتے ہیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ فقہ السیرۃ کی روشنی میں علانیہ دعوت کے بنیادی اصول کیا ہیں اور عصرِ حاضر میں ان کا اطلاق کیسے ممکن ہے؟ (20)

سوال نمبر 4۔ بیعت عقبہ ثانیہ کے اسباب، شرائط اور نتائج پر روشنی ڈالیں اور یہ وضاحت کریں کہ اس بیعت نے ہجرتِ مدینہ کے دروازے کس طرح کھولے؟ (20)

سوال نمبر 5۔ ہجرت نبوی کے بعد اسلامی معاشرتی نظام میں آنے والی تبدیلیوں اور ان کے اثرات پر تفصیلی گفتگو کریں۔ خصوصاً اسلامی تقویم کی بنیاد ہجرت پر رکھے جانے، مہاجرین اور انصار کے تعلقات اور مدینہ میں اسلامی ریاست کے قیام پر روشنی ڈالیں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

## (یونٹ نمبر 6-9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1۔ فقہ السیرۃ کی روشنی میں واقعہ رجیع اور بئرِ معونہ سے ہمیں کیا سبق ملتے ہیں؟ خاص طور پر تبلیغ دین، کفار کی خیانت، مسلمانوں کے صبر و استقامت اور دار الحرب میں قیام کے احکام پر تفصیل سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ غزوہ حنین میں جب مسلمانوں کے قدم اکھڑ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے کس طرح لشکر کو دوبارہ مجتمع کیا؟ حضرت عباسؓ اور دیگر صحابہ کی کیا خدمات رہیں اور آپ ﷺ کی جنگی قیادت کی کون سی نمایاں خصوصیات اس معرکے میں سامنے آئیں؟ (20)

سوال نمبر 3۔ یہود نے میثاق مدینہ کی خلاف ورزی کیوں کی اور اس کے نتیجے میں ان کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا؟ (20)

سوال نمبر 4۔ صلح حدیبیہ کے بعد رسول اللہ ﷺ نے قیصر روم کو خط کیوں بھیجا؟ اس خط میں کیا پیغام دیا گیا تھا اور قیصر روم نے اس خط پر کیا ردِ عمل ظاہر کیا؟ اس ملاقات کے دوران حضرت دحیہ کلبیؓ کی تقریر کے کیا نکات تھے اور قیصر روم نے اس تقریر کو کس انداز میں سنا؟ (20)

سوال نمبر 5۔ رسول اللہ ﷺ کے خطبہ حجۃ الوداع میں عدل، امانت اور انسانی حقوق کے حوالے سے جو اصول بیان کیے گئے ان کی روشنی میں اسلامی ریاست کے بنیادی خدوخال پر تفصیلی تجزیہ کریں۔ (20)